© rasailojaraid.com



ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم مرحوم

# ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

ہر اک ڈوبتے کا سہارا محمدؐ — ہے طوفاں زدوں کا کنارا محمدؐ
فرشتوں سے اونچا ہمارا محمدؐ — خدائے دو عالم کا پیارا محمدؐ
ہے عاشق کا خلدِ نظارہ محمدؐ
ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

درخشاں ہوا کیا مقدر زمیں کا — ستارہ ہے ہر قطرہ اس کی جبیں کا
تھا سردارِ کونین ساکن یہیں کا — یہی خاک مرجع تھی روح الامیں کا
خدا کے کرم کا اشارا محمدؐ
ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

ثنا خواں ہے اس کی زمیں بھی فلک بھی — درود اس پہ پڑھتے ہیں جن و ملک بھی
اسی کی مہک ہے گلوں کی مہک بھی — اسی کی چمک مہر و مہ کی چمک بھی
وہ ہستی کی آنکھوں کا تارا محمدؐ
ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

شفا بخش وہ دل کی بیماریوں کا — وہ درماں تھا انساں کی لاچاریوں کا
وہ شیدا وفا اور رواداریوں کا — وہ ہے دھونے والا گنہگاریوں کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرض کی شفا، دکھ کا چارا محمدؐ

ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

محبت کا پتلا وہ حکمت کا بانی  سنا حق کا پیغام جس کی زبانی
ہے جب تک کہ باقی یہ دنیائے فانی  نہ پیدا کرے گی محمدؐ کا ثانی

نہ اب خود ہی آئے دوبارا محمدؐ

ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

کیا زور رجب سطوتِ کافری نے  کہیں سامری نے کہیں آذری نے
شکست اُنکو دی اس کی دیدہ وری نے  کبھی دلبری نے کبھی صفدری نے

تھا سیلابِ وحدت کا دھارا محمدؐ

ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

وہ انسانِ کامل، وہ معراجِ انساں  وہ تنویرِ خالق، وہ تقدیرِ دوراں
کلامِ محمدؐ ہے پیغامِ یزداں  محمدؐ کی سیرت ہے خود عینِ قرآں

ہے قرآں کا ہر ایک پارا محمدؐ

ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

وہ عاصی کو عصیاں میں کیوں چھوڑ دیتا  گنہ سے نہ کیوں اس کا رخ موڑ دیتا
وہ طوقِ غلامی نہ کیوں توڑ دیتا  محبت سے کیونکر نہ دل جوڑ دیتا

وہ دونوں جہانوں کا پیارا محمدؐ

ہمارا محمدؐ، ہمارا محمدؐ

© rasailojaraid.com